1989ء سے مسلسل اشاعت

12 تا 18 جنوری 2024 | شمارہ نمبر 2 | جلد نمبر 36

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا







Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

| HO-KOTE C2S Matt | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015
CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXtraprint LUXURY OFFSET · pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

weeklypaperbusiness.com 1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

صفحات: 24 رنگین 16 عمومی



رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com



**چیف ایڈیٹر:**

محمد رؤف





**ایڈیٹوریل بورڈ:**

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری



**چارجز: 100 روپے**

کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے

بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے

خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

ای میگزین 1500 روپے

**For Online Payments**
**Bank Makramah (BML)**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا


12th CRICKET FAMILY GALA 2024

انتظار کی گھڑیاں ختم۔ 3 سال بعد ایک بار پھر

# 12 واں کرکٹ کپ و فیملی گالا 4 فروری کو نیا ناظم آباد اسٹیڈیم میں ہوگا

## روایتی تواضع کے انتظامات، چار ٹیموں کے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان، انٹرٹینمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں پیپر مرچنٹس کی جوش وخروش سے شرکت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سلمان پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے زیر انتظام کراچی پیپر مارکیٹ اور اراکین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اہل خانہ، عملہ کے لئے 12 ویں کرکٹ کپ و فیملی گالا 2024 کا انعقاد نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں 4 فروری کو صبح 8 بجے سے ہوگا اور شام تک جاری رہے گا۔ یکم مارچ 2020 کو 11 ویں کرکٹ کپ و فیملی گالا آخری بار منعقد ہوا تھا اور دو سال کووڈ 19 اور ایک سال ملکی معاشی حالات کے باعث اس کا انعقاد تعطل کا شکار تھا۔ اس سال نئے تعمیر ہونے والے بین الاقوامی معیار کے ”نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم“ میں منعقد ہوگا جس کے لئے انتظامات کو آخری شکل دی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں قائم انٹرٹینمنٹ کمیٹی کا ایک اجلاس 9 جنوری کو چیئرمین حبیب نور محمد کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ممتاز پیپر مرچنٹس نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی اور بھرپور تعاون کا اعلان کیا۔ جس میں آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا نے چاروں ٹیموں کو اسپانسر کرنے کا اعلان کیا اس کے علاوہ اس سال کے ایونٹ آرگنائزر سلمان پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے ڈائریکٹر سابق وائس چیئرمین اپیما محمد اسلم جیلانی نے معاون اسپانسر شپ کا بھی اعلان کیا۔ اس کے علاوہ حبیب نور محمد، محمد انیس، صدر الدین جیوانی، عابد نثار، شبیر حسین (ماریہ) محمد زبیر، محمد یونس، عبدالقادر، محمد نذیر، محمود حسین، ناصر قاسم، یحییٰ باری، محمد احمد سیدات محمد انیس ابا اور دیگر نے اسپانسر شپ کے اعلانات کئے۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ حسب روایت پیپر مرچنٹس کی فیملی کے لئے شاندار تواضع کے انتظامات کئے جائیں گے اور کھلاڑیوں کو ٹی شرٹس، ٹراؤزر، کیپس فراہم کئے جائیں گے قبل ازیں کمیٹی نے چار ٹیموں کے نام اور ان کے کپتان کھلاڑیوں کی منظوری دی جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

| ننگبو اسٹار | پنڈو رائلز | نیویا لائنز | آئی کے ایگلز |
| --- | --- | --- | --- |
| سید محمد حمزہ (کپتان) | علی اصغر (کپتان) | محمد حسین (کپتان) | محمد حذیفہ (کپتان) |
| بلال عباس | فہد فیروز | رحمت | حارث خان |
| منہاج خان | عدنان معیز | سلیمان شیخ | شاہد واسق |
| عبدالرافع | محمد کامل | ابراہیم حسین | محسن شاہ |
| عبدالواسع | محمد کاشف | ثناء اللہ | عاقب |
| ایم افاہ | شعیب شکیل | یوسف حسین | محمد رضا خان |
| عبداللہ امین | میسم علی | عمار احمد | دانش خان |
| شاہد علی | حمزہ خان | داؤد محمد | فیصل |
| ایم احمد رضا | فیضیاب | ایم رافع | حمزہ |
| اسماعیل | یوسف اصغر علی | عبدالنافع | عبدالباسط |
| محمد حمزہ حسین | عبداللہ نور محمد | حسن فرحان | محمد بلاول |
| ایان | نوید علی | نبیل اسلم | عمیر شعیب |
| عرفان خان | فواز فیصل | محمد علی قریشی | محمد ساجد |
| محمد سمائل | ایم احمد | انعام علی دشتی | قمر الحسن |
| | | حارث طاہر | |




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کشمور میں 9 ٹرک ڈرائیورز کو اغوا کرلیا گیا

## گڈز ٹرانسپورٹرز کا مغوی ڈرائیوروں کی بازیابی کے لئے الٹی میٹم

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گڈز ٹرانسپورٹرز نے ڈرائیوروں کے اغوا اور پرتشدد کارروائیوں کی روک تھام کے لیے حکومت کو 48 گھنٹوں کا الٹی میٹم دے دیا۔ ٹرک اڈہ ہاکس بے روڈ پر مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران گڈز کیریئر ایسوسی ایشن کے صدر نور خان نیازی کا دیگر رہنماؤں کے ہمراہ کہنا تھا کہ ملک کے کچھ حصوں بالخصوص اندرون سندھ و بلوچستان میں گاڑیوں کے اغوا، ڈکیتیوں کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ڈرائیور گاڑی نہ روکے تو اس پر سیدھا فائر کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ڈرائیوروں کی جانیں محفوظ نہیں ہیں اور گاڑیوں کو بھی شدید نقصان پہنچ جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں ماہ کی 7 تاریخ کو کشمور میں ٹرکوں کے پہیوں پر گولیوں کا برسٹ مارا گیا، اور 9 ڈرائیوروں کو گاڑیوں سے اتار کر اغوا کیا گیا، قیمتی جانوں کو لاحق خطرات کے علاوہ گولیوں سے ناکارہ ہونے والے ٹائروں کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز کو 2 کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ یہ سلسلہ کوئی نیا نہیں ہے بلکہ ماضی میں ان عناصر کی جانب سے اس قسم کی روش اپنائی گئی، اس جانب بارہا توجہ مبذول کروائی گئی مگر حکام کی مسلسل عدم توجہی کے باعث گڈز ٹرانسپورٹرز کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا اور کئی قیمتی جانوں سے بھی ہاتھ دھونے پڑے۔ آئے روز کے واقعات نے ٹرانسپورٹر میں اضطراب پیدا کیا ہوا ہے، علاوہ ازیں مغویوں اور ان کے خاندانوں پر جو گزرتی ہے وہ ایک الگ داستان ہے۔ نور خان نیازی نے کہا کہ صدر پاکستان، نگراں وزیراعظم، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے ڈرائیوروں کو جلد از جلد بازیاب کروایا جائے او رتمام شاہراہوں کو ٹرانسپورٹر کے لیے محفوظ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تاجران اور چیمبرز کی قیادت سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ اس معاملے میں ہمارے ساتھ کھڑے ہوجائیں، تاکہ مستقبل میں ان واقعات کا سختی سے تدارک کیا جائے کیونکہ ان گاڑیوں پر تاجروں کا سامان لدا ہوا ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ایسا کوئی قدم اٹھانا نہیں چاہتے جس کی وجہ سے ملکی معیشت مزید خراب ہو، مگر ہمیں اس جانب جانے کے لیے مجبور کیا جارہا ہے۔ نور خان نیازی کا کہنا تھا کہ حکومت کو 48 گھنٹوں کا الٹی میٹم دیتے ہیں کہ اس مسئلے کا پائیدار حل تلاش کیا جائے، اگر ایسا نہ ہوا تو پھر پاکستان بھر کی گڈز تنظیموں کے ساتھ مل کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا، جس میں کاروبار بند کرنے اور گاڑیوں کو کھڑا کردینے کا آپشن بھی شامل ہے۔ پریس کانفرنس میں گڈز کیریئرز ایسوسی ایشن بشمول سندھ گڈز ٹرک ٹریلر اونرز ایسوسی ایشن، آل پاکستان کار کیریئر، اعوان ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن، امن دوست ٹریڈرز، پاکستان ٹرانسپورٹ فیڈریشن اور آل پاکستان بروکر ایسوسی ایشن کے نمائندے شریک ہوئے۔

## بحیرہ احمر میں حوثیوں کے حملے، فریٹ ریٹ میں ہوشربا اضافہ

کراچی (بزنس ڈیسک) بحیرہ احمر میں کارگو بحری جہازوں پر یمن کے حوثی باغیوں کے حملوں کی وجہ سے مال برداری کے اخراجات میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے۔ بین الاقوامی شپنگ مارکیٹ پلیس فرائٹوس کی طرف سے ٹریک کردہ اعداد و شمار کے مطابق، ایشیا سے شمالی یورپ جانے والے سامان کی قیمتیں دوگنا سے زیادہ ہو کر چالیس فٹ کنٹینر کیلئے 4/ ہزار ڈالرز ہوگئی ہیں جبکہ ایشیا سے بحیرہ روم کی ترسیل کی قیمتیں پانچ ہزار 175/ ڈالرز ہوگئی ہیں۔ کچھ کمپنیوں نے ماہ کے وسط سے شروع ہونے والی بحیرہ روم سے ترسیل کیلئے چالیس فٹ کے کنٹینر کیلئے 6/ ہزار ڈالر کا ریٹ مقرر کیا ہے اور فی کنٹینر پانچ سو سے ستائیس سو ڈالرز سرچارج عائد ہونے سے قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں۔

## ڈنمارک کی شپنگ کمپنی کا بحیرہ احمر اور نہر سویز کے راستے ترک کرنیکا فیصلہ

کوپن ہیگن (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) سب سے بڑی شپنگ کمپنی میرسک نے 5 جنوری کو کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کے اس کے تجارتی بحری جہازوں پر حملے کے بعد مستقبل کے لیے بحیرہ احمر اور نہر سویز کو استعمال کرنے کے بجائے وہ تمام جہازوں کا رخ افریقہ کے گرد موڑ دے گا۔ ڈنمارک کی کمپنی نے انتہائی غیر مستحکم صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی رسک اب بھی زیادہ ہے۔ کمپنی نے ایک بیان میں کہا کہ اس لیے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ بحیرہ احمر اور خلیج عدن سے گزرنے والے تمام میرسک جہازوں کو مستقبل قریب کے لیے کیپ آف گڈ ہوپ کے گرد جنوب کی طرف موڑ دیا جائے گا۔

### محمد سلیم بیکیا کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کا کیس سپریم کورٹ سے جیتنے پر چیئرمین بزنس مین پینل اور آئی بی ایم کے سربراہ محمد سلیم بیکیا کو مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ مبارکباد دینے والوں میں صدر الدین جیوانی، غلام علی (ورائٹی پیپرز اور گل امپیکس) عابد نثار (اے ٹی سی پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ) اور محمد اسلم جیلانی (سلمان پیپر پروڈکٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ) اور دیگر شامل ہیں۔

## عالمی سمندری تجارت جغرافیائی سیاسی طوفان کی طرف بڑھ رہی ہے

پیرس (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) بین الاقوامی سمندری تجارت طوفانی پانیوں سے متاثر ہو رہی ہے کیونکہ بحیرہ احمر میں بحری جہازوں پر یمن کے حوثی باغیوں کے حملوں نے بحری جہازوں کی دستیابی کو کم کر دیا ہے، جس سے مال برداری کی شرح میں اضافہ ہو گیا ہے۔ بیشتر بڑی بین الاقوامی شپنگ کمپنیوں نے بحیرہ احمر اور سویز کینال سے بچنے کے لیے تجارت کا راستہ بدلنے کا فیصلہ کیا جس سے دنیا کی تجارت کا 12 فیصد گزرتا ہے۔ بحری تجارت سے تعلق رکھنے والی شخصیات کا کہنا تھا کہ یہ عسکریت پسند گروپ حماس کو تباہ کرنے کی مہم ہے۔ ڈنمارک کی جہاز رانی کی بڑی کمپنی نے جمعہ 5 جنوری کو کہا کہ یمنی باغیوں کے اس کے تجارتی بحری جہازوں پر حملے کے بعد مستقبل کے لیے" بحیرہ احمر اور سویز نہر کو استعمال کرنے کے بجائے وہ تمام جہازوں کا رخ افریقہ کے گرد موڑ دے گا۔ کیپ آف گڈ ہوپ کے راستے افریقہ، جو کہ ایشیا اور یورپ کے درمیان سفر کو اوسطاً 10 سے 20 دن تک بڑھا دیتا ہے۔

### آصف اشفاق کا انتقال ہوا تھا



آصف اشفاق (مرحوم)

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کاشف اشفاق میسرز کراؤن پیپر مارٹ کراچی کے بھائی آصف اشفاق 31 دسمبر کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے تھے۔ گزشتہ شمارے میں ''آصف کی جگہ کاشف'' کا نام سہواً شائع ہو گیا تھا۔ اس غلطی پر ادارہ کاشف اشفاق سے معذرت خواہ ہے اور ان کی درازئ عمر، صحت و سلامتی اور خوشحالی کے لئے دعا گو ہے۔ (ادارہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER



ATC
Source of Paper & Board

# Nine-Dragon Mill

is the Biggest Paper & Board Producer in the World

**FSC Certified**

- *FBB White Back*
- *Wood Free Offset Paper*
- *Coated Duplex Board with Grey Back*
- *Cup Board High Bulk*



Nine-Dragon Mill Appoint **ATC Pakistan Pvt Ltd,**

## As an Exclusive Agent For Pakistan Market

For Any Requirements & Details

**MILLS REPRESENTATIVE**

ATC
Source of Paper & Board

## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# کامیابی کا سفر جاری رہے گا



نئے سال کا پہلا دن یکم جنوری 2024 پیپر مرچنٹس کی تاریخ میں ہمیشہ یادرکھا جائے گا
جب سپریم کورٹ آف پاکستان کے تین رکنی بنچ نے کسٹم ، ٹریبونل اور سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے
دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کو رائٹنگ پرنٹنگ پیپر تسلیم کئے جانے کے خلاف
فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی اپیل خارج کردی

ہم اس شاندار کامیابی پر اپنے ہر دلعزیز رہنما **محمد سلیم بیکیا** اور
اپنی پوری قانونی ٹیم کو دل کی گہرائیوں سے **مبارکباد** دیتے ہیں
امید کرتے ہیں کہ یہ ٹیم آئندہ بھی پیپر مرچنٹس کے حقوق کے لئے اپنی خدمات جاری رکھے گی


**Vatiety Paper**

F-138-A, S.I.T.E. AREA, KARACHI.
Ph # 021-32637732, 32634812, 32213225.
Email: info@varietypapers.com.pk / vpkarachi@gmail.com
varietypapers.com.pk   varietypaperspk   variety-papers

**Gul Impex**

253 Swami Narain Building, Shahrah e Liaquat,
Opp: Bohra Jamat Khana, Karachi.
Tel: 021-32212104, 32637731





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimi
paper producs

**CONTACT**

Shop #1, Bikiya Maznil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road,Karachi
Phone: 021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**FOR BOOKING**

Shop # 8 Salma Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi74200
Phone:021-32626285, 32626391. 32630109





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ، اسٹیکر، آفسیٹ بوہی اور مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں کمی، کاربن لیس میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 10 جنوری 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ کارڈ ننگو اسٹار چائنا، مقامی ڈپلیکس بورڈ۔ بورڈ ون وائٹ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو، رئیل، چینمنگ اور پنڈو ڈیل، آفسیٹ بوہی چائنا اور اسٹیکر پیپر سپر ٹیک، پاور ٹیک اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا کی کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 6200، روپے سے بڑھ کر 6300 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 گرام 211 روپے سے کم ہو کر 210 روپے اور 290 گرام، 208 روپے سے کم ہو کر 207 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 325 روپے سے کم ہو کر 320 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 325 روپے سے کم ہو کر 323 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 315 روپے سے کم ہو کر 310 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 310 روپے سے کم ہو کر 308 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر بوہی چائنا ام سائز 70۔ 80 اور 100 گرام، 475 روپے سے کم ہو کر 460 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1010 روپے سے بڑھ کر 1030 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 990، روپے سے بڑھ کر 1110 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30، سائز، 4050 روپے سے کم ہو کر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 3950، روپے سے کم ہو کر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز 4050، روپے سے کم ہو کر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔




بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر لاہور میں باؤ محمد بشیر، خامس سعید بٹ، شبیر بھٹی و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

## ڈالر 182 روپے پر برقرار

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک میں بدھ 10 جنوری کو کاروبار کے آغاز میں ڈالر 12 پیسے سستا ہوا ہے۔ انٹربینک میں ڈالر 12 پیسے سستا ہونے کے بعد 281 روپے 10 پیسے کا ہو گیا۔ جبکہ منگل 9 جنوری کو کاروبار کے اختتام میں انٹربینک میں ڈالر 281 روپے 22 پیسے کا تھا۔ روپے کے مقابلے پر انٹربینک میں ڈالر کی قیمت برقرار، اوپن مارکیٹ میں 9 پیسے تک کا اضافہ، یورو کی قیمت 20 پیسے تک بڑھ گئی، پاؤنڈ 82 پیسے تک مہنگا ہو گیا، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 9 جنوری کو روپے کے مقابلے پر انٹربینک میں ڈالر کی قیمت خرید 281.00 روپے اور قیمت فروخت 281.50 روپے پر برقرار رہی، اوپن مارکیٹ میں قیمت خرید 9 پیسے کے اضافے سے 279.98 روپے سے بڑھ کر 280.07 روپے ہوگئی۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک احد امین کی صدارت میں لاہور پیپر مارکیٹ کے سینئر اراکین کا مشاورتی اجلاس منعقد ہو رہا ہے جس میں باؤ محمد بشیر، خامس سعید بٹ و دیگر اراکین شریک ہیں

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Kantak Sticker   Cream Offset Japan
105-Gsm

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سندھ ہائی کورٹ: کنٹونمنٹ بورڈز کی جانب سے عائد پراپرٹی ٹیکس کالعدم قرار

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے کنٹونمنٹ بورڈز کی جانب سے عائد پراپرٹی ٹیکس کی جبری وصولیوں کو کالعدم قرار دیتے ہوئے آبزرویشن میں کہا ہے کہ وفاقی قانون ساز ادارہ آئینی طور پر کسی صوبے میں پراپرٹی ٹیکس عائد نہیں کر سکتا۔ سندھ ہائی کورٹ نے اپنے تفصیلی فیصلے میں کہا ہے کہ آئین کے مطابق پراپرٹی ٹیکس صوبوں کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ واضح رہے کہ 14 دسمبر 2023 کو سندھ ہائی کورٹ کے دو رکنی بینچ کے سربراہ جسٹس محمد شفیع صدیقی نے کنٹونمنٹ بورڈز کے خلاف دائر 126 آئینی درخواستوں پر مختصر فیصلہ سناتے ہوئے حکم دیا تھا کہ سندھ میں کنٹونمنٹ بورڈز پراپرٹی ٹیکس کی مد میں جبری وصولی نہیں کر سکتے ، سندھ ہائیکورٹ نے اپنے تفصیلی فیصلے میں مزید کہا اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق اور کنٹونمنٹ بورڈز کے پاس کوئی اختیار نہیں کہ وہ پراپرٹی ٹیکس عائد کریں۔ سندھ ہائی کورٹ نے اس زمرے میں سپریم کورٹ کے دو حکم ناموں کا بھی تذکرہ کیا جس میں کہا گیا ہے کہ پراپرٹی ٹیکس کا مسئلہ صوبائی حکومتوں کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ عدالت عالیہ نے مزید کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے اپنے دونوں فیصلوں میں اس بات کی تفصیل سے وضاحت کی ہے کہ جو کنٹونمنٹ بورڈز جن صوبوں میں بھی موجود ہیں وہ اسی صوبے کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں اور ایسا ٹیکس وہی صوبائی حکومتیں مذکورہ پراپرٹی ٹیکس عائد اور وصولی بھی کر سکتے ہیں۔

## پاسپورٹ اجراء کی شکایات اور آگاہی کیلئے فون اور واٹس ایپ نمبر جاری

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) پاسپورٹ اجراء سے متعلق شکایات اور آگاہی کے لیے فون اور واٹس ایپ نمبر جاری کردیے گئے۔ محکمہ امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے نئے پاسپورٹ کے اجراء یا تجدید کے سلسلے میں شکایات اور آگاہی کے لیے فون نمبر اور واٹس ایپ نمبر جاری کر دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس مصطفیٰ جمال قاضی کے مطابق ان کی کوششوں سے پاسپورٹ کا اجراء معمول کے مطابق جاری ہے تاہم عوام الناس کو اگر پاسپورٹ کے اجراء یا تجدید کے سلسلے میں مشکلات ہیں تو وہ فون نمبر 0519107072 اور 0519107072 پر کال کر کے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں یا معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹ کے مطابق اس کے علاوہ پاسپورٹ کی وصولی یا پرنٹنگ میں تاخیر کے حوالے سے شہری واٹس ایپ نمبر 03368566685 پر اپنے پاسپورٹ کے ٹوکن کی رسید کی تصویر بھیج دیں تا کہ ان کی شکایت کا ازالہ کیا جا سکے۔ ڈی جی مصطفیٰ جمال قاضی کا کہنا ہے کہ محکمہ امیگریشن اینڈ پاسپورٹس اعلیٰ معیار اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ عوام الناس کو اعلیٰ ترین خدمات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

# پاکستان میں پرنٹنگ انڈسٹری پر آنے والی نئی مصیبت

## تحریر: امین احسن

درسی کتب کی امپورٹ پر 20 فیصد ڈیوٹی اور 17 فیصد سیلز ٹیکس کی چھوٹ اور پرنٹڈ میٹریل کی امپورٹ پر آئی ٹی پی فکس نہ ہونا ہی پرنٹنگ انڈسٹری کی تباہی کی اصل وجہ ہے۔ دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ اگر کوئی قوم غلام بنی ہے تو اس کو سب سے پہلے ایک دوسرے سے لڑنے اور الگ رہنے پر فائدہ دیکھایا گیا تھا۔ اگر کوئی پبلشر یا گلی محلے کا بک سیلر پاکستان میں کتاب پرنٹ کرواتا ہے تو وہ 250 روپے کی پڑتی ہے اور اگر یہی کتاب وہ پبلشر چائنا۔ ملائیشیا یا سنگاپور سے پرنٹ کرواتا ہے تو اس کتاب کو امپورٹ کرنے پر ایف بی آر کے سیلز ٹیکس اور ڈیوٹی نہ لینے کی وجہ سے وہ کتاب تقریبا 150 روپے کی پڑتی ہے۔ ذرا سوچئے تو پھر پاکستان کے کوئی بھی شخص، پرائیویٹ پبلشر، بک سیلرز، ہر صوبے کا ٹیکسٹ بک بورڈ اور ٹیکسٹ بک بورڈ کے پبلشر یا ٹھیکے دار پاکستان میں کتابیں کیوں پرنٹ کروائیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ اب پبلشر اور ٹھیکیدار باہر ممالک سے کتابیں پرنٹ کروا کر امپورٹ کر رہے ہیں۔ اور ہر سال ان کی تعداد بڑھتی بھی جا رہی ہے۔ اب چونکہ دنیا پرنٹنگ کی ٹیکنالوجی بہت ایڈوانس ہو چکی ہے صرف ایک ای میل کے ذریعے 100 صفحات کی کتاب کا ڈیٹا منٹوں میں دوسرے ملک کے پریس میں پہنچ جاتا ہے۔ جس وجہ سے پاکستان میں کوئی بھی ادارہ دنیا کے کسی ملک سے با آسانی پرنٹنگ کروا کر منگوا رہا ہے۔ اب

آپ کے ذہن میں یقیناً یہ سوال آرہا ہوگا کے ایف بی آر جیسا ادارہ جو ٹیکس لینے کے بہانے تلاش کرتا ہے وہ ان پبلشرز سے اربوں روپے کا ٹیکس کیوں وصول نہیں کر رہا؟ کیا ایف بی آر یہ نہیں جانتا کہ یہ ٹیکس کی بچت صرف پبلشر کی جیب میں جاتی ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ کتابوں کی امپورٹ پر ٹیکس نہیں لیا جا رہا ہے۔ آئیے آپ کو بتاتے ہیں۔ یہ سب یونیسکو کے فلورنس ایگریمنٹ 1950 جو کہ دنیا کے کئی ممالک نے امداد کے طور پر دی لی جانے والی کتابوں کی امپورٹ پر ٹیکس نہ لینے کے لئے اس پر دستخط کیئے تھے، لیکن اس اچھے اور فلاحی ایگریمنٹ کو ناجائز استعمال کر کے کچھ بڑے کمرشل امپورٹر نے کتابوں کی ٹیکس فری امپورٹ کرنے پر زیادہ منافع بنانے کے لئے قانون کا حصہ بنوا دیا ہے۔ یقین جانئے جس دن ہم پرنٹرز اس زیادتی کو ایف بی آر کے آفیشل کے سامنے اجتماعی طور پر پیش کریں گے اور اپنا حق طلب کریں گے اور اس سے ملک کی پیپر اور پرنٹنگ انڈسٹری کو پہنچنے والے نقصانات کا بتائیں گے تو اسی دن کتابوں کی یہ امپورٹ بھی رک جائے گی اور ہماری پرنٹنگ انڈسٹری موجودہ اور آنے والے طوفان سے بچ جائے گی۔ طوفان کی آمد کی اطلاع ملنے پر سمجھدار لوگ طوفان کے نقصان سے بچنے کی تیاری کر لیتے ہیں اور کم سمجھ والے لوگ طوفان آنے کا انتظار کرتے ہیں۔ کیا ہمیں مزید کسی بڑے طوفان کی آمد کا انتظار کرنا چاہئیے؟ سی ٹی پی کی آمد سے پہلے یہ پلیٹ پرنٹنگ پریس میں ہی بنتی تھیں اور سورک مشین کی پلیٹ کے چارجز 450 اور 500 روپے تھے۔ مارکیٹ میں سی ٹی پی کے یونٹ لگنے کے بعد کام کی کمی کی وجہ سے ان میں آپس میں مقابلے کا رجحان پیدا ہوا اور 500 والی پلیٹ اب 250 یا اس سے بھی کم پر بن رہی ہے۔ کہنے والی اصل بات یہ کہ قیمت میں اس کمی کا فائدہ نہ پریس والا اٹھا رہا ہے اور نہ سی ٹی پی والے۔ اس کا فائدہ تو صرف پبلشرز اور پرنٹنگ کروانے والے ادارے ہی اٹھا رہے ہیں۔ ہماری اسی خرابی سے نہ صرف سی ٹی پی والے بلکہ پوری پرنٹنگ انڈسٹری تباہی کی طرف جا رہی ہے۔ پرنٹرز۔ بائنڈر اور کمرشل سی ٹی پی یونٹ والوں کو اس بات پر غور کرنا ہوگا اور مل بیٹھ کر اس کا کوئی مستقل حل نکالنا ہوگا۔

# پاکستان چوک کے پرنٹرز پاپگائی کے ممبر بنیں، رجب علی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان چوک کے پرنٹر رجب علی نے کہا ہے کہ پچھلے 10 ماہ سے پاکستان چوک کے علاقے میں لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ تھا جو الحمدللہ اب حل ہو گیا ہے اس کے لیے ہم پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) کے چیئرمین سعد حلیم، وائس چیئرمین اسماعیل عزیز، کے الیکٹرک کے اسمر نعیم اور عبدالقدوس کے شکرگزار ہیں انہوں نے کہا کہ پاپگائی پرنٹنگ کے ہر مسئلہ کا حال جانتی ہے نہ صرف ہماری رہنمائی کرتی ہے بلکہ اس کو حل کرنے میں مدد بھی کرتی ہے۔ انہوں نے دیگر پرنٹرز سے گزارش کی ہے کہ پاپگائی کے ممبر بنیں اور ہمارا ساتھ دیں۔ دنیا کی کسی بھی ملک کی نمائش میں شرکت کے لئے پاپگائی آپ کی مدد کرے گی۔ ایسوسی ایشن کا ممبر بن کر اپنے بزنس میں مزید توسیع کر سکتے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز سے ممنوعہ اشیا پر پاک افغان تاجروں کی ملاقات

پشاور(نیوز ڈیسک) پاک افغان تجارت میں کاروبار کرنے والے تاجروں کے وفد نے ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز ارباب قیصر سے ملاقات کی، ملاقات میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں ممنوعہ اشیاء پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد کی قیادت ممتاز تاجر اور پاک افغان جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے کوآرڈینیٹر ضیاء الحق سرحدی کر رہے تھے۔وفد کے دیگر ارکان میں سابق سینئر نائب صدر سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری انجینئر منظور الٰہی ، فاروق احمد صدر طورخم کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن اور ایمل خان شنواری صدر آل طورخم کسٹم ایسوسی ایشن شامل تھے۔ڈائریکٹر ٹرانزٹ ٹریڈ ارباب قیصر کے ہمراہ واجد علی ایڈیشنل ڈائریکٹر، شمس وزیر ایڈیشنل ڈائریکٹر ، ملیکہ احمد ڈپٹی ڈائریکٹر اور سپرنٹنڈنٹ ٹرانزٹ صادق اکبر بھی تھے۔اجلاس میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کی ممنوعہ اشیاء کے ایک نکاتی ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور تاجر برادری کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے تجاویز پیش کی گئیں۔ڈائریکٹر ٹرانزٹ نے ممنوعہ اشیاء کی فہرست شیئر کی۔شرکا نے تجویز پیش کی کہ ٹرانزٹ میں نہ ہونے کے برابر درآمدات والی اشیاء کو فہرست سے خارج کیا جائے ، یہ سفارش بھی کی گئی کہ افغان صنعتوں میں استعمال ہونے والے خام مال جیسی اشیاء کو بھی فہرست سے خارج کیا جا سکتا ہے تاکہ ٹرانزٹ ٹریڈ کو آگے بڑھانے کے لیے غیر ضروری پابندیوں کے تاثر کو ختم کیا جا سکے ارباب قیصر نے مسائل کو تحمل سے سنا اور اجلاس میں پیش کی گئی تجاویز پر سنجیدگی سے غور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضیاء الحق سرحدی نے کسٹم حکام کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پاک افغان تجارت میں رکاوٹیں پیدا کرنے والے مسائل کو سننے کے لیے وقت دیا۔انہوں نے کہا کہ تاجر افغانستان سے اشیا کی سمگلنگ کے مکمل خلاف ہیں تجارت پر پابندی لگانے کی بجائے نگرانی کو بڑھایا جائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان دونوں ملکوں کے ہزاروں لوگوں کی روزی روٹی دونوں ممالک کے درمیان تجارت سے وابستہ ہے اور اگر تجارت کو وسط ایشیائی ممالک تک بڑھایا جائے تو تجارت کے تاریخی رابطے کے وسیع امکانات بڑھ سکتے ہیں۔انہوں نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت کے فروغ میں ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ واجد علی کی کوششوں کو بھی سراہا۔ضیاء سرحدی نے ڈی جی ٹرانزٹ ٹریڈ واجد علی کو دورہ پشاور اور پاک افغان تجارت کے اسٹیک ہولڈرز سے ملاقات کی دعوت دی۔

## 5 بڑے شہروں میں ریٹیلرز پر ٹیکس لگانے کا فیصلہ

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 5 بڑے شہروں میں ریٹیلرز پر ٹیکس لگانے کا فیصلہ کرلیا۔ایف بی آر کی جانب سے اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ میں ریٹیلرز پر ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق 5 بڑے شہروں میں ریٹیلرز پر ٹیکس لگانے سے 100 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے۔ریٹیلرز، زراعت، رئیل اسٹیٹ ٹیکس نیٹ میں لانے اور ایف بی آر کیلئے مالیاتی خودمختاری، آئی ایم ایف ٹیم نے تجاویز کو حتمی شکل دیدی۔ملک بھر کے ریٹیلرز پر ٹیکس عائد کیے جانے سے تقریباً 300 ارب روپے سے زائد آمدن متوقع ہے، دکان کے سائز اور سالانہ آمدن پر ٹیکس عائد کیا جائے گا جو ماہانہ کی بنیاد پر اکٹھا کیا جائے گا۔اسکیم مکمل تیار ہے، حکومت کی جانب سے گرین سگنل ملنے پر اسکیم لانچ کر دی جائے گی، ریٹیلرز کی سالانہ آمدن پر تقریباً 10 فیصد سے زائد ایڈوانس ٹیکس عائد کیا جائے گا۔اسکیم کے تحت تمام شعبوں سے منسلک کاروباری افراد پر ٹیکس عائد کیا جائے گا۔

## ریٹیلرز کیلئے مجوزہ ٹیکس سکیم پر اعتماد میں لیا جائے، آل پاکستان انجمن تاجران

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ریٹیلرز کیلئے تیار کی جانے والی مجوزہ ٹیکس سکیم پر ان کو اعتماد میں لے، تاجر طبقہ ٹیکسز کی ادائیگی اور روزگار کی فراہمی کی صورت میں معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے لہٰذا اسے شک کی نگاہ سے نہ دیکھا جائے۔اتوار 7 جنوری کو اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ تاجروں کی اکثریت ٹیکس نیٹ میں شامل ہے۔تاجر تنظیمیں خود بھی پیشکش کر چکی ہیں کہ مارکیٹوں کے سروے کریں لیکن تاجر طبقہ کا ٹیکس نیٹ میں شامل نہ ہونے کا تصور ناانصافی ہے۔ریٹیلرز پر ایڈوانس ٹیکس کی مجوزہ اسکیم کے حوالے سے تاجر تنظیموں کے عہدیداروں کو اعتماد میں لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں لاکھوں کی تعداد میں تاجر مختلف ٹیکسز کی ادائیگی اور روزگار کی فراہمی کی صورت میں معیشت میں حصہ ڈال رہے ہیں لیکن انہیں پھر بھی شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جو نامناسب ہے۔

## سب سے زیادہ ایک ہزار روپے کے جعلی نوٹ سرکولیشن میں ہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی(بزنس ڈیسک)اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈائریکٹر فنانس قادر بخش کا کہنا ہے کہ ملک میں سب سے زیادہ ایک ہزار روپے کے جعلی نوٹ سرکولیشن میں ہیں۔اپنے ویڈیو بیان میں انکا مزید کہنا تھا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مختلف بینکوں سے مجموعی طور پر 35 ہزار کی تعداد میں جعلی کرنسی نوٹ رواں برس جمع کرائے گئے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں ملک بھر سے جعلی نوٹوں کے 20 ہزار کرنسی نوٹ پکڑے گئے ہیں ایف آئی اے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے رواں سال 25 ہزار مختلف مالیت کے جعلی کرنسی نوٹ اسٹیٹ بینک کو جمع کرائے ہیں۔ڈائریکٹر فنانس قادر بخش نے کہا کہ گزشتہ دو سال سے تقریباً جعلی نوٹوں کی تعداد تقریباً برابر ہے جعلی نوٹوں میں 60 سے 70 فیصد نوٹ ایک ہزار روپے کا پکڑا گیا ہے ملک بھر میں گزشتہ ایک سال سے کسی بھی اے ٹی ایم سے جعلی نوٹ کی شکایت مرکزی بینک کو نہیں کی گئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک نے اے ٹی ایم سے جعلی نوٹ کے حوالے سے ای میل ایڈریس دیا ہوا ہے اگر کسی بینک کے اے ٹی ایم سے جعلی نوٹ نکلتا ہے تو اس پر کرنسی نوٹ مالیت کا 100 گنا جرمانہ کیا جائیگا۔انکا کہنا ہے کہ بینکوں کو اے ٹی ایم مشین میں ڈالے گیے نوٹ کی سی سی ٹی وی ویڈیو 90 دن تک رکھنا لازم ہے۔

## اسمگل شدہ اشیاو گاڑیوں کی اطلاع دینے والوں کو انعام دیا جائے گا

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اسمگل شدہ اشیاء اور گاڑیاں پکڑوانے میں کسٹمز حکام کی معاونت کرنے والوں کو انعام دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کسٹمز ریوارڈ رولز 2012 میں ترامیم کا مسودہ تیار کر کے اسٹیک ہولڈرز کی آرا کیلئے جاری کر دیا ہے۔ دستیاب مجوزہ مسودے میں بتایا گیا ہے کہ کسٹمز کے ساتھ ساتھ لاء انفورسمنٹ ایجنسیوں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے حکام کے علاوہ جو بھی اسمگل شدہ اشیا اور گاڑیاں پکڑوانے میں کسٹمز حکام کی معاونت کرے گا، اس معاونت کے نتیجے میں ضبط کی جانے والی اشیا اور گاڑیوں پر ڈیوٹی و ٹیکس کی رقم کی ریکوری پر معاونت کرنے والوں کو انعام فراہم کیا جائے گا۔ایف بی آر کی طرف سے تمام اسٹیک ہولڈرز سے کہا گیا ہے کہ کسٹمز رولز میں ترامیم کے مسودے کے بارے میں سات دن کے اندر اندر اپنی آرا بھجوا سکتے ہیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




## ڈاؤ ہیلتھ یونیورسٹی کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DUHS/DP/2024/258
پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 15000 ریم۔
پیپر A4 ہاف پیپر، 70 گرام، تعداد: 800 ریم۔
پیپر F4 سائز، 70 گرام، تعداد: 2000 ریم۔
(برانڈ: پیپرون یا مساوی)
میٹریل کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز، لفافے بڑی مقدار میں
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈائریکٹوریٹ، لائبریری بلاک، اوجھا کیمپس، سپارکو روڈ آف مین یونیورسٹی روڈ، گلزار ہجری، اسکیم نمبر۔ 33، کراچی۔
فون: 021-38771111 EXT:4433

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کی پرنٹنگ کا ٹینڈر

ہسٹری بک کی پرنٹنگ اور سپلائی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 جنوری 2024ء
کیلنڈر کی پرنٹنگ اور سپلائی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th سینٹرل اسٹریٹ، فیز۔2، ڈی ایچ اے، کراچی۔
فون: 021-99266400-10 EXT:237-330

## حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 070/2024
پارٹ ون، پلین کنٹی نیوس پیپر، سائز 15x11، تعداد: 6,240,000 شیٹس
پیپر A4 سائز، تعداد: 125,000 شیٹس
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: دفتر منیجر (میٹریل مینجمنٹ) کمرہ نمبر 237، دوسری منزل، واپڈا آفسر کمپلیکس، حسین آباد، حیدرآباد۔
فون: 0333-3700042

## مہران یونیورسٹی آف انجینئرنگ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DD(Proc)MUET/JAM/03
امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) جامشورو، سندھ۔
فون: 022-2109010

## NADRA اسلام آباد کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: NADRA-HQ-RFB-04/2024
الیکٹورل رولز (30 ملین صفحات) کی پرنٹنگ، بائنڈنگ اور پیکنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ اینڈ اسٹورز ڈپارٹمنٹ، گراؤنڈ فلور، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9108145

## ایمپلائز سوشل سیکورٹی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 300 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 300 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، A-3، گلبرگ۔5، لاہور۔
فون: 042-99263097

## ایکسپورٹ پروسیسنگ اتھارٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin-296/2023
فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم
برانڈ: بی ایل سی، ڈبل اے، پیپرون یا مساوی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)، ہیڈ آفس، لانڈھی انڈسٹریل ایریا ایکسٹینشن، مہران ہائی وے، کراچی۔
فون: 021-99208010-99208039

## سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 2017/DHR&A/SHCC/2023
پیپر A4 سائز، 70 گرام، بی ایل سی یا مساوی برانڈ، تعداد 490 ریم
گرین پیپر لیگل سائز، تعداد: 28 پیکٹ۔
وائٹ پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 21 ریم۔
دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: دفتر، ڈائریکٹر ہیومن ریسورس اینڈ ایڈمنسٹریشن، بلاک C، دوسری منزل، ایف ٹی سی بلڈنگ، شاہراہ فیصل، کراچی۔
فون: 021-38656000

## صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
8(25)/2024/TEN-TRANS-ADMN-PEC(S)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، پاکستان سیکریٹریٹ، بلاک نمبر A-44۔ شاہراہ عراق، صدر، کراچی۔
فون: 021-99203383

# آئی ایم ایف کی شرط پر ایف بی آر کی تنظیم نو کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف کی شرائط وتجاویز پر عملدرآمد کرتے ہوئے خصوصی سرمایہ کاری کونسل نے ایف بی آر کی تنظیم نو کی منظوری کو حتمی شکل دے دی۔ منظوری کے بعد 8 ممبران پر مشتمل بورڈ ایف بی آر کے معاملات دیکھے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی شرائط وتجاویز پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایف بی آر کی تنظیم نو کی منظوری کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ تنظیم نو کی منظوری خصوصی سرمایہ کاری کونسل نے دی، اور حتمی منظوری کابینہ کے آئندہ اجلاس میں لئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق منظوری کے بعد 8 ممبران پر مشتمل بورڈ ایف بی آر کے معاملات دیکھے گا، بورڈ میں وزارت خزانہ، خارجہ، تجارت اور صنعت و پیداوار کے سیکرٹری شامل ہوں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ بورڈ کے مستقل ممبران میں خارجہ امور کے سیکرٹری اور پلاننگ کمیشن بھی شامل ہوں گے، آئی کیپ صدر، دو یونیورسٹیوں سے دو ماہر معیشت بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکرٹری ریونیو ایف بی آر بورڈ کے چیئرمین ہوں گے، سیکرٹری ریونیو کا تعلق انکم ٹیکس اور کسٹمز سروس سے نہیں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر کا پالیسی ونگ ختم کرکے وزارت خزانہ میں قائم ہوگا، اور ادارے کے ملازمین کی تعداد میں مجموعی طور پر 30 فیصد کمی ہوگی۔

### توجہ فرمائیں.....!

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاک افغان طورخم بارڈر کسٹم اسٹیشن بارڈر مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس

